یہاں سے کاٹیے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالیہ پرچہ کھولیے

Tear here

Question Paper Serial No. **500**

# C

**CCE PF**
**UNREVISED**
**FULL SYLLABUS**
**NSR & NSPR**

6 △ **CCE PF/NSR & NSPR(C)/500/6682**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]

Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]

Total No. of Questions : 47 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**

**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

# Subject : Third Language — URDU

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Private Fresh / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 12. 04. 2023] [ Date : 12. 04. 2023

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 01-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 01-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **10 x 1 = 10**

1. ایسی نظم جس میں حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف بیان کی گئی ہو، کہلاتی ہے۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) مرثیہ

2. وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے، کہلاتا ہے۔

(A) حروفِ ربط (B) حروفِ عطف

(C) مستقل کلمہ (D) غیر مستقل کلمہ

3. ''اربیہ نے کھانا کھایا۔'' اس جملے میں علامت فاعل یہ ہے۔

(A) اربیہ (B) نے

(C) کھانا (D) کھایا

4. وہ جملہ ہے جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنا ہو، کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ مرکب (B) جملۂ مفرد

(C) جملۂ مطلق (D) جملۂ مُلتف

5. وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں۔ کہلاتے ہیں۔

(A) وصل

(B) تردید

(C) حروفِ عطف

(D) حروفِ ربط

6. اِن میں مؤنث لفظ یہ ہے۔

(A) وطن

(B) ترقی

(C) رواج

(D) خزانہ

7. وہ حروف ہیں، جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اِظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔

(A) استدراک

(B) سبھی

(C) حروف تخصیص

(D) حروف فجائیہ

8. رباعی کا یہ مصرع قافیہ ورد یف کا پابند نہیں ہوتا۔

(A) پہلا (B) دوسرا

(C) تیسرا (D) چوتھا

9. الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی ومطلب نکلتا ہو، کہلاتا ہے۔

(A) جملہ (B) اِملا

(C) عبارت (D) رباعی

10. مضمون کا درمیانی حصّہ یہ کہلاتا ہے۔

(A) اِبتدا (B) تمہید

(C) نفسِ مضمون (D) اختتام

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **5 x 1 = 5**

11. فرد : افراد : : جسم : .........

12. خوش نما : بدنما : : خوش مزاج : .........

13. سورت : شہر کا نام : : صورت : .........

14. چال چلنا : فریب دینا : : ہاتھ صاف کرنا : .........

15. بے حد : سابقہ : : یادگار : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : **5 x 1 = 5**

16. سلیمان خطیب کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

17. آخری وقت ٹیپو سلطانؒ کی زبان پر کیا کلمات تھے ؟

18. پیغام یکجہتی کس شاعر کی نظم ہے ؟

19. اکبر الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟

20. ماہر ریاضی دان کون تھا ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

21. ریاستِ میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی ؟

22. سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟

23. ادویات سازی میں ''نانوٹکنالوجی'' کا کیا رول ہے ؟

24. ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریا نے کونسے کارخانے قائم کئے ؟

25. مولانا محمد علی جوہؔر نے کن کن مقامات پر ملازمت کی ؟

26. گول میز کانفرنس میں مولانا محمد علی جوہؔر نے کیا تقریر فرمائی ؟

27. صبح سویرے پروفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

28. حضور اکرم ﷺ جب حرمِ پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

29. معراج کو مولانا ابوالبیان حمّادؔ نے نعتِ شریف میں کس نام سے یاد کیا ہے ؟

30. جملۂ مفرد کی تعریف کرتے ہوئے مع مثال لکھئے۔

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

31. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔''

32. ''کیا اس ملک سے جاپان کو برآمد کرنے کے لئے ہم ہی ایک مناسب چیز رہ گئے ہیں ؟''

33. ''ارے بے وقوفو! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

34. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) ایم قادر علی خاں (ii) مجتبیٰ حسین

35. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) میر تقی میرؔ (ii) سید احمد شاکرؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

36. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے

کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

37. موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

38. زمانہ کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں

ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :

39. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس کب اور کس طرح منایا جاتا ہے ؟

40. فراقؔ کے مطابق کن لوگوں کو مرنے کا بھی شعور نہیں ہے ؟

41. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

Our principal is a very kind person. My school is very beautiful. I love my school.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **3 x 4 = 12**

42. آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

43. حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

یا

سلیمان خطیب صاحب کا حلیہ بیان کیجئے۔

44. پروفیسر راہیؔ کی شخصیت پر نوٹ لکھئے۔

**VII.** درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : **1 x 5 = 5**

45. کسی نے ام المومنین حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کیسے تھے ؟ انہوں نے کہا کیا تم نے قرآان نہیں پڑھا ہے۔ جو کچھ قرآن میں ہے وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق تھے۔ غرض آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری زندگی قرآن پاک کی عملی تفسیر تھی۔ خود قرآن پاک نے اس کی شہادت دی اور کہا، اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيمٍ (یعنی بیشک اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپؐ حسن اخلاق کے بڑے رتبہ پر ہیں)۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب گھر میں رہتے تو گھر کے کام کاج اپنے ہاتھوں سے کرتے، اپنے پھٹے کپڑے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سی لیتے، اپنے پھٹے جوتے کو خود گانٹھ لیتے۔

مسجد نبوی کے بنانے اور خندق کو کھودنے میں سب مزدوروں کے ساتھ مل کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی کام

کیا۔ آپ ﷺ ساری دنیا کے لئے رحمت بن کر آئے تھے۔ اس لئے کسی کے ساتھ بھی زیادتی اور ناانصافی کو پسند نہ فرماتے تھے۔

**سوالات :**

(i) حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا فرمایا ؟

(ii) قرآن مجید نے حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں کیا شہادت دی ہے ؟

(iii) حضور اکرم ﷺ نے مسجد نبوی بنانے اور خندق کھودنے کے دوران کیا کیا ؟

(iv) حضور اکرم ﷺ جب گھر میں رہتے تو کیا کرتے تھے ؟

(v) حضور اکرم ﷺ ساری دنیا کے لئے کیا بن کر آئے تھے ؟

**VIII. درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :** **1 x 5 = 5**

46. (i) ماحول کی آلودگی

یا

(ii) میرا پسندیدہ لیڈر

**6**

**IX.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

47. اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں سند تبادلہ (T. C.) حاصل کرنے کا ذکر ہو۔

یا

اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے مدرسہ کے سالانہ جلسہ میں شرکت کرنے کا ذکر ہو۔